© rasailojaraid.com

ناظم مرکزیہ میاں محمد جمیل صاحب نے اپنے خطاب میں اس بات پر خصوصی زور دیا کہ جامعات و مدارس مسلک کی چھاؤنیاں اور جماعت کی نرسریاں ہیں۔ ہم انہیں ہمیشہ پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کی اخلاقی و تعلیمی تربیت پر بھی خصوصی زور دیا۔ نیز انہوں نے فرمایا کہ ابنائے جامعات کو اپنے اپنے مادر علمی کے ساتھ وفا و صفا اور تعاون کا رشتہ ہمیشہ قائم رکھنا چاہیے اور جماعت بھی آپ کی بھلائی اور مدارس کی خیر خواہی کے لئے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کرے گی۔

# تقریب صحیح بخاری شریف واہلحدیث کانفرنس

جامعہ علوم اثریہ جہلم کی پندرھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف مورخہ 6 نومبر 98ء مطابق ۱۶ رجب ۱۴۱۹ھ بروز جمعۃ المبارک کو جامعہ میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کا آغاز خطبۂ جمعہ سے ہوا۔ محقق العصر حضرت مولانا ارشاد الحق اثری صاحب خطیب فیصل آباد نے بڑے ہی فاضلانہ اور محققانہ انداز میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

نماز جمعہ کے فوراً بعد باقاعدہ تقریب کا آغاز کیا گیا۔ جامعہ کے ننھے منے طلبہ نے تلاوت، اردو اور عربی میں نظمیں، نعتیں اور تقریریں پیش کیں۔ اس کے بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر عام فہم انداز میں بڑا عالمانہ درس ارشاد فرمایا۔ جو کہ عصر کی نماز کے بعد بھی جاری رہا۔ اس کے بعد مولانا ارشاد الحق اثری صاحب نے سیرت و فقاہت امام بخاریؒ کے موضوع پر بڑے دلنشین انداز میں خطاب فرمایا۔ آخر میں رئیس الجامعہ نے مختصر خطاب کے بعد دعائے خیر سے اس تقریب کا اختتام کیا۔

رات کو بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہلحدیث چوک اہلحدیث میں عظیم الشان اہلحدیث کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس موقع پر بھی جامعہ کے ہونہار نونہالوں نے اردو۔ عربی اور پنجابی میں نظمیں، نعتیں اور تقریریں کیں۔ جس سے عوام بڑے محظوظ ہوئے۔ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے صدارتی خطاب کے بعد فارغ التحصیل ہونیوالے طلبہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب صاحب کی طرف سے خصوصی طور پر حدیث کی اجازت کی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر ان دو طلبہ کو تقریر کا موقع دیا گیا جو آل پاکستان انعامی تقریری مقابلہ میں اردو و عربی میں پہلی دونوں پوزیشنیں حاصل کیں اس کے بعد مولانا محمد اشرف اوکاڑوی خطیب اسلام گڑھ اور شیر اسلام حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار خطیب گوجرانوالہ اور خطیب پاکستان حضرت مولانا قاری عبدالحفیظ صاحب فیصل آبادی نے خطاب فرمایا۔ حضرت مولانا حکیم حافظ عبدالرزاق صاحب سعیدی مہتمم جامعہ رحمانیہ فاروق آباد کی دعائے خیر سے یہ کانفرنس اپنے اختتام کو پہنچی جو تقاریر، حاضری اور انتظامات کے لحاظ سے اپنی مثال آپ تھی۔

# جامعہ اثریہ للبنات کا اکیسواں سالانہ اجتماع

حسب سابقہ امسال بھی مورخہ ۱۰، ۱۱ر اکتوبر بروز ہفتہ اتوار اکیسواں سالانہ تربیتی اجتماع بڑے اہتمام سے منعقد ہوا۔ اجتماع ۱۰ر اکتوبر کی رات ہی شروع ہو گیا۔ پہلی نشست میں شعبہ حفظ کی طالبات کا آپس میں حفظ قرآن مجید کا مقابلہ ہوا۔ اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنیوالی طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

رات کی دوسری نشست میں طالبات کا بین الجماعتی تقریری مقابلہ ہوا۔ موضوع تھا۔ (**واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا.....**) اول، دوم، سوم اور حوصلہ افزائی کے انعامات تقسیم کیے گئے

۱۰ر اکتوبر صبح کی پہلی نشست میں پاکستان بھر کے دینی مدارس اور جامعات کی طالبات کا مذکورہ بالا موضوع پر تقریری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مقابلہ ہوا۔ ملک بھر کے جامعات ومدارس کی طالبات کافی تعداد میں شریک ہوئیں۔ کامیاب طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

اجتماع کی راتوں میں باقاعدہ شب بیداری کے پروگرام تھے۔ جن میں درس قرآن وحدیث، نماز تہجد اور خصوصی دعا اہم پروگرام تھے۔

ملک بھر سے معلمات ومبلغات نے مختلف اہم معاشرتی موضوعات پر خطاب کئے۔ پروگرام سننے کیلئے خواتین کی بھاری تعداد شہر اور بیرون شہر سے شریک اجتماع ہوئیں۔ ان کے قیام وطعام کا انتظام جامعہ نے کیا تھا۔ پروگرام کے آخر میں طالبات کے ششماہی امتحانات کا نتیجہ سنایا گیا۔ امتیازی حیثیت سے کامیاب طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے اور آخر میں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی خصوصی دعائے خیر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

---

## آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ساھیوال میں قافلہ کی روانگی

جہلم سے آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس میں شرکت کیلئے بسوں کا ایک بڑا قافلہ ۲۲ اکتوبر بروز جمعرات کی صبح عازم ساھیوال ہوا۔ جس میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ وہاں کانفرنس میں شرکت کر کے اگلے روز نماز جمعہ کے فوراً بعد قافلہ بخیر وعافیت واپس پہنچ گیا۔ الحمد للہ

---

## آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس میں جامعہ علوم اثریہ کے دو طلبہ کا اردو، عربی میں خطاب

آل پاکستان انعامی تقریری مقابلہ میں اردو اور عربی زبان میں دونوں پہلی پوزیشنیں حاصل کرنے والے جامعہ اثریہ جہلم کے آخری سال کے دو خوش نصیب طلبہ فیض احمد بھٹی اور محمد عبداللہ نے بالترتیب اردو اور عربی زبان میں رات بعد نماز عشاء کے بھرپور اجتماع سے بڑا متاثر کن خطاب کیا۔ **اللھم زد فزد۔**

## صوبیدار عبداللطیف صاحب کی وفات

جمعیت اہلحدیث موضع حاجی آئمہ جہلم کے بزرگ کارکن اور جامع مسجد اہلحدیث حاجی آئمہ کے صدر صوبیدار عبداللطیف صاحب اچانک ہارٹ اٹیک سے انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے نیک، متقی اور پرہیزگار تھے۔ نماز پنجگانہ باجماعت ہمیشہ ادا کیا کرتے تھے۔

ادارہ "حرمین" ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے صغیرہ وکبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے۔ اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

© rasailojaraid.com